Consulate General of the United States – Karachi, Pakistan

PRESS RELEASE

24 جون 2014

برائے رابطہ: اینڈریو آرمسٹرانگ، ترجمان

021-35275000

برائے فوری ترسیل

نیشنل اکیڈمی آف پرفارمنگ آرٹس (ناپا) اور ٹیکساس یونیورسٹی کے درمیان تعاون کا معاہدہ

کراچی۔ امریکی حکومت کے تعاون سے نیشنل اکیڈمی آف پرفارمنگ آرٹس (ناپا) اور ٹیکساس یونیورسٹی کے درمیان دوطرفہ تعاون کے معاہدے پر دستخط کیے گئے۔ اس موقع پر منعقد ہونے والی تقریب میں کراچی میں متعین امریکی قونصل جنرل مائیکل ڈاڈمین، ناپا کے صدر ضیا محی الدین اور ادارے سے تعلق رکھنے والے اساتذہ اور طلبا نے شرکت کی۔ تقریب کے بعد محفل موسیقی کا انعقاد کیا گیا جس میں امریکی قونصل خانے کے ثقافتی اتاشی فلپ اسیس اور دیگر سفارتکاروں نے پاکستانی فنکاروں کے ہمراہ اپنے فن کا مظاہرہ کیا۔

معاہدے پر دستخط کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے قونصل جنرل مائیکل ڈاڈمین کا کہنا تھا کہ 'ناپا اور ٹیکساس یونیورسٹی کے درمیان ہونے والے معاہدے کے ذریعے نا صرف دونوں اداروں کے درمیان تکنیکی اور ثقافتی تعاون کو فروغ دیا جاسکے گا بلکہ ناپا کی تعلیمی استعداد بڑھانے میں بھی مدد ملے گی۔' مائیکل ڈاڈمین کا مزید کہنا تھا کہ 'مجھے امید ہے کہ یہ معاہدہ پاکستانی اور امریکی عوام کو موسیقی کے ذریعے قریب لانے میں مددگار ثابت ہوگا۔'

نیشنل اکیڈمی آف پرفارمنگ آرٹس اور ٹیکساس یونیورسٹی کے درمیان ہونے والے تین سالہ معاہدے کے دوران ناپا سے تعلق رکھنے والے طلبا اور اساتذہ کو موسیقی کے مختلف شعبوں کی تعلیم کے ساتھ ساتھ گلوکاری اور ساز بجانے کی تربیت بھی فراہم کی جائے گی۔

2012 میں 17 ملین ڈالر کی لاگت سے شروع کیے جانے والے اس منصوبے کے ذریعے اب تک 20 پاکستانی جامعات کو امریکی یونیورسٹیوں سے منسلک کیا جاچکا ہے۔ صوبہ سندھ میں جامعہ کراچی اور جارج میسن یونیورسٹی پبلک پالیسی اور پبلک ایڈمنسٹریشن، اسرا یونیورسٹی حیدرآباد اور بال اسٹیٹ یونیورسٹی بزنس ایڈمنسٹریشن، انڈس ویلی اسکول اور جنوبی پولی ٹیکنیک اسٹیٹ یونیورسٹی نیو میڈیا انفارمیشن ڈیزائن اور کمیونیکیشن اور آئی بی اے سکھر اور جانسن کمیونٹی کالج کمیونٹی کالج بیسٹ پریکٹسز کے شعبوں میں تعاون کو فروغ دے رہے ہیں۔

####